© rasailojaraid.com

ابوالحسن علی ندوی کے مختصر چند مقالات ہیں جن میں تصوف سے متعلق بعض شکوک وشبہات کا جواب دیا گیا ہے اور تصوف کے لطائف ومزایا۔ اور اس کی دینی برکات بیان کی گئی ہیں اگرچہ تصوف جیسے اہم۔ وسیع اور گراں مرتبت موضوع پر اس کتاب کو سیر حاصل نہیں کہا جا سکتا تاہم تصوف کے ایک طالب علم اور مبتدی کے لئے اس کا مطالعہ مفید ہوگا اور اس کو اس میں بہت سی کام کی باتیں بھی نظر آئینگی

عقاید الاسلام قاسمی

از مولوی محمد طاہر قاسمی مرحوم تقطیع متوسط کتابت وطباعت بہتر ضخامت ۱۹۲ صفحات قیمت عہ پتہ:۔ محمد آصف قاسمی مینجر کتب خانہ قاسمی دیوبند ضلع سہارنپور (یو-پی)

اس کتاب میں پہلے مولانا سید سلیمان ندوی کے قلم سے اسلام میں عقاید کی حقیقت واہمیت پر ایک مقالہ ہے اور اس کے بعد بچوں کو خطاب کرکے اسلام کے مختلف عقاید اور ان کے علاوہ دوسرے دینی، علمی، اخلاقی اور تمدنی مسائل واحکام پر آسان اور سلیس ودلنشین پیرایہ میں گفتگو کی گئی ہے اور اس طرح اگرچہ یہ کتاب بچوں کے لئے لکھی گئی ہے لیکن اس لائق ہے کہ بڑے بھی اس کا مطالعہ کریں اور اس سے فائدہ اٹھائیں اور اس کو اسکولوں اور مکاتب کے نصابِ دینیات میں شامل کیا جائے

غلامانِ اسلام

اسّی کے قریب ان صحابہ تابعین، تبع تابعین، فقہا اور محدثین اور ارباب کشف وکرامات اور اصحاب علم وادب کے سوانح حیات اور کمالات وفضائل بڑی تحقیق وتدقیق سے جمع کئے گئے ہیں جنہوں نے غلام یا آزاد کردہ غلام ہونے کے باوجود ملت کی عظیم الشان خدمتیں انجام دیں جنہیں اسلامی سوسائٹی کے ہر دور میں عظمت واقتدار کا فلک الافلاک سمجھا گیا اور جن کے علمی، مذہبی، تاریخی اور سماجی کارنامے اس قدر شاندار اور اس قدر روشن ہیں کہ ان کی غلامی پر آزادی کو رشک کرنے کا حق ہے اور بجا ہے، یہ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ ایسی محققانہ، دلچسپ اور معلومات سے بھرپور کتاب اس موضوع پر اب تک کسی زبان میں شائع نہیں ہوئی اس کے مطالعہ سے غلامانِ اسلام کے حیرت انگیز اور شاندار کارناموں کا نقشہ آنکھوں میں سما جاتا ہے۔ دوسرا ایڈیشن صفحات ۴۸۰ بڑی تقطیع قیمت پانچ روپے ۸ر مجلد ہے،

© rasailojaraid.com